## حق پرست عوام عظمت بیگ اور یاسمین رشید کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔18، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے جوائنٹ آرگنائزر عظمت بیگ اور ایم کیوایم الیکشن سیل کے رکن شجاع احمد کی ہمشیرہ محترمہ یاسمین رشید کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ عظمت بیگ اور محترمہ یاسمین رشید کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے بزرگ کارکن عبدالمناف اور ایم کیوایم شعبہ خواتین ملیر سیکٹر کی کارکن محترمہ ناظمہ بیگم کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ یوسی 13 بلوچ گوٹھ کے بزرگ کارکن عبدالمناف اور ایم کیوایم شعبہ خواتین ملیر سیکٹر یونٹ 98 کی کارکن محترمہ ناظمہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے بزرگ کارکن عبدالمناف اور ایم کیوایم شعبہ خواتین ملیر سیکٹر کی کارکن محترمہ ناظمہ بیگم انتقال کر گئیں
## حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر نے مرحوم کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا

کراچی۔۔۔18، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے بزرگ کارکن عبدالمناف اور ایم کیوایم شعبہ خواتین ملیر سیکٹر یونٹ 98 کی کارکن محترمہ ناظمہ بیگم انتقال کر گئیں۔ عبدالمناف مرحوم کی عمر 55 سال تھی اور انہیں گزشتہ روز دل کا شدید دورہ پڑا جس کے باعث وہ انتقال کر گئے۔مرحوم کے سوگواران میں والدہ، 3 بہنیں، 2 بھائی اور ایک بیٹی شامل ہے۔جبکہ محترمہ ناظمہ بیگم مرحومہ کی عمر 50 سال تھی اور وہ گزشتہ کئی دنوں سے علیل تھیں اور علالت کے دوران انتقال کر گئیں۔مرحومہ کے سوگواران میں 7 بیٹے اور 2 بیٹیاں شامل ہیں اور ان کے دو صاحبزادے ایم کیوایم کے کارکن ہیں۔دریں اثناء عبدالمناف مرحوم کو بلوچ گوٹھ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم ایلڈر رز ونگ کے اراکین، قصبہ علی گڑھ سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی جبکہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر نے مرحوم کی رہائشگاہ جاکر انکے سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے بزرگ کارکن عبدالمناف، ایم کیوایم شعبہ خواتین ملیر سیکٹر یونٹ 98 کی کارکن محترمہ ناظمہ بیگم، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 155 کے کارکن محمد اعجاز کی والدہ محترمہ حاجرہ، ایم کیوایم لائینز ایریا سیکٹر یونٹ 197 کی یونٹ کمیٹی کے رکن انور علی قادری کی ہمشیرہ محترمہ زبیدہ بانو اور ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ A-67 کے کارکن حیدر علی کے والد مرزا احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## الطاف حسین کا فکر و فلسفہ آزاد کشمیر میں پھیل چکا ہے، طاہر کھوکھر

مظفر آباد۔۔۔18، جنوری 2009ء۔۔۔آزاد جموں وکشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر و وزیر طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فلسفہ حقیقت پسندی و عملیت پسندی آزاد کشمیر کے عوام میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور آنے والا وقت ثابت کر دے گا کہ حق آنے کیلئے ہے اور باطل جانے کیلئے ہے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے غریب و متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کو اسمبلیوں اور ایوانوں میں بھیج کر ثابت کر دیا ہے کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد

جماعت ہے جو غریب عوام کے حقوق کا صرف نعرہ نہیں لگاتی بلکہ غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے جائز حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد بھی کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نمائندے آزاد کشمیر میں بھی مظلوم کشمیری عوام کے جائز حقوق کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

## قائد تحریک الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی آزاد کشمیر میں پھیل چکا ہے، طاہر کھوکھر

## میری کامیابی حق پرستوں کی کامیابی ہے اور حق وسچ کی کامیابی ہے

## ڈپٹی اسپیکر کے انتخاب میں سلیم بٹ کی کامیابی یقینی ہے، مخالفین کو شکست کا سامنا ہوگا

مظفرآباد۔۔۔18، جنوری 2009ء۔۔۔آزاد جموں وکشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر وحکومتی وزیر طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی آزاد کشمیر کے عوام میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور آنے والا وقت ثابت کردے گا کہ حق آنے کیلئے ہے اور باطل جانے کیلئے ،الطاف حسین کا نظریہ حق پرستی پاکستان سمیت آزاد کشمیر کے ایوانوں میں موجود لوگوں کے ذہن پر راج کررہا ہے، میری کامیابی حق پرستوں کی کامیابی ہے اور حق وسچ کی کامیابی ہے۔انہوں نے مختلف سیاسی جماعتوں کی حمایت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر اسمبلی میں ڈپٹی اسپیکر کے انتخابات میں بھی ایم کیو ایم کے رکن اسمبلی سلیم بٹ کی کامیابی یقینی ہے اور اس سلسلے میں ہمیں مسلم کانفرنس فارڈ بلاک، مسلم کانفرنس پروگریسو، پاکستان پیپلز پارٹی اور پی ایم ایل کے 30 سے زائد ممبران کی حمایت حاصل ہے انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ آج ہونیوالے انتخاب میں ہمارے امیدوار کی کامیابی یقینی ہے یاد رہے کہ اسمبلی سیکریٹریٹ کی طرف سے جاری کردہ حتمی فہرست کے مطابق مسلم کانفرنس عتیق گروپ کی طرف سے محترمہ مہرالنساء اور ایم کیو ایم کے امیدوار سلیم بٹ کے درمیان خفیہ رائے شماری کے ذریعے انتخاب ہوگا اس ضمن میں آرگنائزر ایم کیو ایم ملک تنویر نے اتحادی جماعتوں کا شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیو ایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے بزرگ کارکن عبدالمناف اور شعبہ خواتین ملیر سیکٹر کی کارکن محترمہ ناظمہ بیگم انتقال کرگئیں

## الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔18، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے بزرگ کارکن عبدالمناف اور ایم کیو ایم شعبہ خواتین ملیر سیکٹر یونٹ 98 کی کارکن محترمہ ناظمہ بیگم انتقال کرگئیں۔مرحوم عبدالمناف کی عمر 55 سال تھی اور انہیں گزشتہ روز دل کا شدید دورہ پڑا جسکے باعث وہ موقع پر ہی انتقال کرگئے۔مرحوم کے سوگواران میں والدہ سمیت 3 بہنیں، 2 بھائی اور ایک بیٹی شامل ہے۔عبدالمناف مرحوم کو گزشتہ روز بلوچ گوٹھ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کے جنازے میں ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ کے اراکین، قصبہ علی گڑھ سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی۔حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر نے عبدالمناف مرحوم کے گھر جاکر سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی۔جبکہ محترمہ ناظمہ بیگم مرحومہ کی عمر 50 سال تھی اور وہ کافی عرصے سے بیمار تھیں گزشتہ روز انکی طبیعت زیادہ خراب ہوگئی اور سنبھل نہ سکی جسکے باعث وہ انتقال کرگئیں۔مرحومہ کے سوگواران میں 7 بیٹے اور 2 بیٹیاں شامل ہیں جبکہ مرحومہ ناظمہ بیگم کے دوصاحبزادے بھی ایم کیو ایم کے کارکن ہیں۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ یوسی 13 بلوچ گوٹھ کے بزرگ کارکن عبدالمناف اور ایم کیو ایم شعبہ خواتین ملیر سیکٹر یونٹ 98 کی کارکن محترمہ ناظمہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالمناف مرحوم اور محترمہ ناظمہ بیگم مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین)

## ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن کی والدہ، لائنز ایریا سیکٹر کی یونٹ کمیٹی کے رکن کی ہمشیرہ، گلشن اقبال سیکٹر کے کارکن کے والد، قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے بزرگ کارکن عبدالمناف اور شعبہ خواتین ملیر سیکٹر کی کارکن محترمہ فاطمہ بیگم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے بزرگ کارکن عبدالمناف، ایم کیو ایم شعبہ خواتین ملیر سیکٹر یونٹ 98 کی کارکن محترمہ فاطمہ بیگم، ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 155 کے کارکن اعجاز کی والدہ محترمہ حاجانی حاجرہ، ایم کیو ایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 197 کی یونٹ کمیٹی کے

رکن انور علی قادری کی ہمشیرہ محترمہ زبیدہ بانو اور ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ A-67 کے کارکن حیدر علی کے والد مرزا احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

## روہڑی میں کوچ اور ویگن کے خوفناک تصادم میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔18، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روہڑی میں کوچ اور ویگن کے خوفناک تصادم کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## اسکیم 33 سیکٹر یونٹ A-33 کے رہائشی عقیل احمد صالح عرف گڈو کا ایم کیو ایم سے کوئی تعلق نہیں، رابطہ کمیٹی
## عوام و کارکنان ایم کیو ایم کا نام استعمال کرنے والے افراد پر کڑی نظر رکھیں

کراچی ۔۔۔18، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اسکیم 33 سیکٹر یونٹ A-33 کے رہائشی عقیل احمد صالح عرف گڈو ولد ابو صالح نامی سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہے کہ مذکورہ شخص کا ایم کیو ایم سے قطعی کوئی تعلق نہیں۔ایک وضاحتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اسکیم 33 سیکٹر یونٹ A-33 کے رہائشی شخص عقیل احمد (عرف گڈو) ولد ابو صالح کا ایم کیو ایم سے کوئی تعلق نہیں یہ شخص جرائم پیشہ ہے جو علاقے میں خود کو ایم کیو ایم کا کارکن ظاہر کر کے ایم کیو ایم کو بدنام کر رہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام اور کارکنان سے کہا کہ وہ ایم کیو ایم کا نام استعمال کر کے ایم کیو ایم کو بدنام کرنیوالے جرائم پیشہ افراد پر کڑی نظر رکھیں اور ان کی اطلاع ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر دیں۔

☆☆☆☆☆